**21.03.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. ارجمند علی خان

**Music**

☆ سپریم کورٹ نے اعلیٰ چناؤ کمشنر اور انتخابی کمشنروں کے تقرر سے متعلق نئے قانون پر حکم امتناع جاری کرنے سے انکار کردیا ہے۔
☆ انتخابی کمیشن نے گجرات، پنجاب، اڈیشہ اور مغربی بنگال میں ضلع مجسٹریٹ اور پولیس کے سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت سے کام کرنے والے Non Cadre افسروں کے تبادلے کا حکم جاری کیا ہے۔
☆ بھارتی ریلوے محکمہ ہولی کے موقع پر مسافروں کی سہولت کیلئے 540 ٹرینیں چلارہا ہے۔
☆ امریکی فیڈرل ریزرو نے لگاتار پانچویں بار بنیادی شرح سود میں کوئی ردوبدل نہیں کیا ہے۔
☆ آج Basel میں سوئز اوپن بیڈمنٹن میں کدامبی سری کانت ملیشیا کے کھلاڑی Zii Jia Lee کا سامنا کریں گے، جبکہ پری کوارٹر فائنل میں لکشیہ سین کا مقابلہ تائیوان کے Chia Hsin Lee سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**SC EC Appointment**

سپریم کورٹ نے اعلیٰ چناؤ کمشنر اور انتخابی کمشنروں کے تقرر سے متعلق نئے قانون پر حکم امتناع جاری کرنے سے انکار کردیا ہے۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتّہ پر مشتمل بنچ نے کہا کہ ایک ایسے وقت پر جبکہ لوک سبھا چناؤ قریب آرہے ہیں وہ اِس قانون پر رُوک نہیں لگاسکتے۔ بنچ نے یہ بھی کہا کہ آئینی بینچ کے فیصلے میں کہیں بھی یہ نہیں کہا گیا کہ سلیکشن کمیٹی کا کون ممبر ہونا چاہیئے۔
عدالت عالیہ اِس سلسلے میں اعلیٰ چناؤ کمشنر اور دوسرے چناؤ کمشنروں کے تقرر سے متعلق شرائط وغیرہ کے 2023 کے قانون پر روک لگانے کے سلسلے میں دائر درخواستوں کی سماعت کررہی تھی۔ سپریم کورٹ نے اِس طرف بھی توجہ دلائی کہ نئے مقرر کردہ چناؤ کمشنروں گیانیش کمار اور سُکھبیر سنگھ سَندھو کے خلاف کوئی الزام نہیں ہے۔

**Summit for democracy**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں جمہوریت کا قدیم اور مستحکم کلچر رہا ہے۔ کل شام Seoul میں جنوبی کوریا کے زیر اہتمام سمِٹ فار ڈیموکریسی میں ورچوئل وسیلے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اتفاقِ رائے قائم کرنا، کھلے مذاکرات اور آزدانہ تبادلۂ خیال بھارت کی تاریخ میں ہمیشہ شامل رہے ہیں۔

وزیراعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اب سے چند ہفتوں بعد دنیا، بھارت میں جمہوریت کے سب سے بڑے فیسٹیول کا مشاہدہ کرے گی۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ امید ہے کہ تقریباً ایک ارب ووٹر اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے اور یہ دنیا کی تاریخ میں سب سے بڑا چناؤ عمل ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کے عوام ایک بار پھر جمہوریت میں اپنے اعتماد کا اظہار کریں گے۔

**PM Summit**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نیا بھارت دہشت گردی کو برداشت نہیں کرتا بلکہ اِس کے لیے ذمہ دار عناصر کو سبق سکھاتا ہے۔ نئی دلی میں ایک نجی ٹیلی ویژن چینل کے کانکلیو میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ جو لوگ بھارت کو خوفزدہ کیا کرتے تھے، وہ اَب کہیں نہیں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پوری دنیا 21ویں صدی کو بھارت کی صدی مانتی ہے۔

جناب مودی نے اجاگر کیا کہ درجہ بندی سے متعلق بڑی ایجنسیوں اور اقتصادی ماہرین کو درخشاں بھارت کے تعلق سے پورا یقین ہے اور پوری دنیا یہ دیکھ رہی ہے کہ پچھلے دس سال میں بھارت میں کس طرح بڑی تبدیلیاں لائی گئی ہیں۔

**EC DM & SP**

انتخابی کمیشن نے گجرات، پنجاب، اڈیشہ اور مغربی بنگال میں ضلع مجسٹریٹ اور پولیس سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت سے تعینات Non-cadre افسروں کے تبادلے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ یہ فیصلہ چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار کی صدارت میں چناؤ کمشنر گیانیش کمار اور سکھبیر سنگھ سندھو کے ساتھ میٹنگ کے بعد کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کمیشن نے پنجاب میں SSP بھٹنڈا اور SP سونت پور کا تبادلہ آسام کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔ ایسا منتخبہ سیاسی نمائندوں کے ساتھ اُن کی رشتہ داری یا خاندانی سلسلے کے سبب کیا گیا ہے۔ ان دوضلعوں میں عہدیداران کا امتیاز برتنے یا کسی اپنے کے حق میں فیصلہ کرنے کے انتظامیہ کے خدشات کے سلسلے میں احتیاط کے طور پر تبادلہ کیا گیا ہے۔

**Jitendra Singh Nomination**

مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے آج اودھم پور لوک سبھا حلقے سے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ انہوں نے کٹھوا میں ریٹرنگ افسر کو اپنے کاغذات نامزدگی سونپے۔ جل شکتی کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت، ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ہمراہ تھے۔ یہاں پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

**Railway Holi**

بھارتی ریلوے محکمہ ہولی کے موقع پر مسافروں کی سہولت اور اُن کے سفر کو آسان بنانے کے لیے **540** ٹرینیں چلارہا ہے۔ ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ ان ریل گاڑیوں کو ملک بھر میں اہم مقامات سے مربوط کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے اس مرتبہ **219** ٹرینوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ مسافروں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے اہم اسٹیشنوں پر ریلوے پروٹیکشن فورس کے اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

**Banks 31st March**

ریزرو بینک نے سبھی بینکوں سے کہا ہے کہ وہ سرکاری کام کاج سے وابستہ اپنی سبھی شاخوں کو اتوار **31** مارچ کو کھلا رکھیں۔ اِس سے قبل سرکار نے یہ کہا تھا کہ سرکاری رقومات کی ادائیگی اور رقومات موصول ہونے سے وابستہ سبھی بینکوں کو لین دین کے لیے **31** مارچ کو بھی کھلا رکھا جائے تاکہ سبھی متعلقہ سرکاری لین دین موجودہ مالی سال کے ہی گوشوارے میں شامل رہے۔ ریزرو بینک نے بینکوں سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ **31** مارچ اتوار کو بینکاری خدمات دستیاب ہونے کے تعلق سے مناسب تشہیر کریں۔

**US FED Rate**

امریکی فیڈرل ریزرو نے مسلسل پانچویں مرتبہ بنیادی شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے اور اسے پانچ اعشاریہ دو- پانچ فیصد سے پانچ اعشاریہ پانچ-صفر فیصد کے درمیان رکھا ہے۔ فیڈرل ریزرو کے چیئرمین **Jerome Powell** نے دو روز تک فیڈرل اوپن مارکیٹ کمیٹی کی میٹنگ کے بعد کل رات شرح سود سے متعلق فیصلے کا اعلان کیا۔

**ISIS Arrest**

آسام پولیس کی خصوصی ٹاسک فورس نے بھارت میں داعش کے سرغنہ حارث فاروقی کو کل **Dhubri** میں ایک اور کارندے کے ساتھ پکڑا ہے۔ اِسے ایک بڑی کامیابی مانا جا رہا ہے۔ آسام پولیس کے ترجمان کے مطابق مرکزی ایجنسیوں کی جانب سے فراہم کی گئی جانکاری پر کارروائی کرتے ہوئے خصوصی ٹاسک فورس نے اِن دونوں کو اُس وقت گرفتار کیا جب وہ بین الاقوامی سرحد پار کرکے ملک میں چوری چھپے داخل ہوئے تھے۔ اِن دونوں کو پوچھ تاچھ کے لیے گوہاٹی لے جایا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ اِن دونوں کو قومی جانچ ایجنسی **NIA** کے حوالے کیا جائے گا۔

**India**

پاکستان میں کل بلوچستان صوبے میں **Gwadar Port Authority** کامپلیکس پر ہوئے شدید تصادم میں آٹھ ملیٹینٹس اور سیکورٹی فورسز کے دو اہلکار ہلاک ہوگئے۔ یہ لڑائی اس وقت شروع ہوئی جب ہتھیاروں سے پوری طرح لیس ملیٹینٹوں نے

**Gwadar** کامپلیکس میں جبراً داخل ہونے کی کوشش کی اور گولیاں چلانا شروع کردیں اور وہاں دھماکے ہونے کی اطلاع ملی۔ حملہ آوروں کو اُس وقت ہلاک کردیا گیا جب انہوں نے پورٹ کامپلیکس میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ اس لڑائی میں دو فوجی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ ممنوعہ بلوچستان لبریشن آرمی کے **Majeed Brigade** نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔

بلوچ باغی گروپوں نے اس سے پہلے بھی چین پاکستان اقتصادی کاریڈور سے متعلق پروجیکٹوں کو نشانہ بناتے ہوئے مختلف حملے کیے ہیں۔ ان پروجیکٹوں میں ہزاروں چینی اہلکار پاکستان میں کام کررہے ہیں۔ علاحدگی پسند بلوچستان لبریشن آرمی بلوچستان میں چین کی سرمایہ کاری کی مخالفت کرتی ہے اور چین اور پاکستان پر وسائل سے مالا مال صوبے کا استحصال کرنے کے الزامات لگاتی ہے۔ یہ حملہ اُس روز ہوا جب پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا تھا کہ اُن کی حکومت کسی بھی طرح کی سرحد پار کی دہشت گردی کو برداشت نہیں کرے گی۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات **IMD** نے اس مہینے کی **23** تاریخ تک شمال مشرقی بھارت، مغربی بنگال کے ہمالیہ کے ذیلی علاقوں اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس نے آج مغربی بنگال کے ساحلی علاقوں، بہار اور جھارکھنڈ میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیش گوئی بھی کی ہے۔ اُدھر آج صبح دلّی میں سرد ہوائیں محسوس کی گئیں۔ دلّی میں آج کا زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت **32** ڈگری سیلسیس اور کم سے کم درجۂ حرارت **15** ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔

## Delhi Building Collapse

دلی کے کبیرنگر میں آج دو منزلہ پرانی عمارت کے ڈھہ جانے سے دو افراد ہلاک ہوگئے جبکہ ایک شدید طور پر زخمی ہوا ہے۔ آگ بجھانے سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ انہیں دیر رات دو بجے اِس حادثے کی اطلاع ہوئی۔ دلی پولیس نے کہا ہے کہ اِس عمارت میں رہ رہے دو مزدوروں کی اسپتال پہنچنے پر موت ہوچکی تھی جبکہ دیگر ایک کی حالت اس وقت نازک ہے۔ اُس نے کہا کہ اِس معاملے کی تحقیقات کی جارہی ہیں اور قصورواروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

## Swiss Open

سوئس اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کے کرن جارج کل رات سیدھے سیٹوں میں جیت حاصل کرکے مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے پہلے راؤنڈ میں جاپان کے **Takuma Obayashi** کو شکست دی۔ ایک اور میچ میں پریانشو **Rajawat** نے ہانگ کانگ کے **Lee Cheuk Yiu** کو ہرا کر پری کوارٹر میں اپنی جگہ پکّی کرلی ہے۔

سابق چمپئن کدامبی سری کانت اور لکشیہ سین بھی مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ سری کانت آج ملیشیا کے کھلاڑی **Zii Jia Lee** کا سامنا کریں گے جبکہ **Sen** تائیوان کے کھلاڑی **Chia-hsin Lee** سے مقابلہ کریں گے۔

خواتین کے سنگلز میں بھارت کی بیڈمنٹن کھلاڑی پی۔وی سندھو آج دوسرے راؤنڈ میں جاپان کی **Tomoka Miyazaki** کا سامنا کریں گی۔

## [Miami Open Tennis]

**Miami** اوپن ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنا آسٹریلیا کے اپنے ساتھی کھلاڑی **Matthew Ebden** کے ساتھ مردوں کے ڈبلز زمرے میں کل اپنی مہم کا آغاز کر رہے ہیں۔ اُن کا مقابلہ **Andrea Vavassori** اور **Simone Bolelli** کی اٹلی کی جوڑی سے ہوگا۔

مردوں کی **ATP** ڈبلز درجہ بندی میں بھارت اور آسٹریلیا کی یہ جوڑی فی الحال عالمی نمبر ایک جوڑی ہے۔

ایک اور بھارتی کھلاڑی **Yuki Bhambri** بھی کل مردوں کے ڈبلز میں نیوزیلینڈ کے اپنے ساتھی کھلاڑی **Michael Venus** کے ساتھ مل کر کھیلیں گے۔ پہلے راؤنڈ میں اُن کا مقابلہ امریکہ کے **Austin Krajicek** اور کروشیا کے **Ivan Dodig** سے ہوگا۔

## [J&K Railway Fares]

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کے ریل مسافروں کو ایک بڑی راحت دیتے ہوئے شمالی ریلوے نے سنگلدان- بنی ہال- بارہمولہ روٹ پر کرایوں میں کمی کی ہے۔ بنی ہال اسٹیشن پر ریلوے کے ایک افسر نے اِس بات کی تصدیق کی کہ اُودھم پور -سری نگر-بارہمولہ ریل لائن پروجیکٹ کے سنگلدان- بنی ہال- بارہمولہ سیکشن پر دوئم کلاس کے کرایوں میں کمی کی ہے۔

☆☆☆